بسمِ اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام علیکم! میں نیٹ ورکنگ سٹارٹ کروانے جا رہی ہوں اور آج میں نیٹ ورکنگ کی پہلی کلاس کیساتھ حاضر ہوں۔ امید کرتی ہوں آپکو پسند آئے گی انشاءاللہ تعالیٰ۔

Types of Networking

انفرمیشن ٹیکنالوجی میں ڈیٹا ایک سے دوسری جگہ بھیجنے کیلئے نیٹ ورک سے منسلک ہونا ضروری ہے۔ نیٹ ورکنگ کی مندرجہ ذیل ٹائپس ہیں۔

1- LAN (Local Area Network)

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کہ ایسا نیٹ ورک جو ایک کمرے، ہال، بلڈنگ یا small geographic area کیلئے بنایا جائے اور جس میں ایک یا ایک سے ذائد کمپیوٹرز ایک دوسرے سے عام سی کیبل کے ذریعے منسلک ہوں۔ لوکل ایریا نیٹ ورک کہلاتا ہے۔

2- WAN (Wide Area Network)

یہ دو یا دو سے بلڈنگس، شہروں اور ملکوں کیلئے بنایا جانیوالا نیٹ ورک ہے۔ اس میں تمام کمپیٹرز سیٹلائیٹ سسٹم کے ذریعے منسلک ہوتا ہے۔ اسکا پیمانہ وسیع ہوتا ہے اور ہم دنیا کے کسی حصے اور کسی بھی ملک سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔ اس سے منسلک ہونے کیلئے عام کیبل استعمال کی جاتی ہے۔

3- MAN (Metropolitan Area Network)

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ بھی یہ دو یا دو سے بلڈنگس، شہروں اور ملکوں کیلئے بنایا جانیوالا نیٹ ورک ہے۔ یہ وائڈ ایریا نیٹ ورک کی ہی ایک قسم ہے۔

Topologies

نیٹ ورک بنانے کے طریقہ کار کو ٹپولوجی کہتے ہیں۔ اس کیلئے کئی قسم کی ٹپولاجیس استعمال کی جاتی ہیں۔ چند ایک کا تعارف ذیل میں ہے

1-Bus Topologies

اس میں تمام کمپیوٹرز کو سلسلہ وار جوڑا جاتا ہے۔ انکو آپس میں لنک کروانے کیلئے جس میڈیا یا وائر کا استعمال کرتے ہیں اسے Coxial Cable کہتے ہیں۔ اس کیبل کے دونوں سروں پر BNC (Barrel Navel Connector) لگائے جاتے ہیں۔ یہ بی این سی LAN Card کیساتھ لگے T-Connector کے ایک سرے پر لگا دیا جاتا ہے جبکہ درمیانی سرا لین کارڈ کیساتھ لگا ہوتا ہے۔ باقی ماندہ سروں کو نیکسٹ کمپیوٹرز جوڑنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے یا پھر End Connector لگایا جاتا ہے۔ یہ کنکٹر Bus Topology کے آخری سروں پر لگا ہوتا ہے جسکا مقصد نیٹ ورک کو مکمل یا close کرنا ہوتا ہے۔ جیسا کہ اس ڈائیگرام میں ہے۔

2-Ring Topology

اس ٹپولوجی میں بھی کمپیوٹرز کو سلسلہ وار جوڑا جاتا ہے اور Coxiable Cable کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اسکا کوئی ending point نہیں ہوتا البتہ اگر اس میں سے کوئی ایک سسٹم میں مسئلہ ہو جائے تو باقی نیٹ ورک کام کرتا رہتا ہے۔

اسکا data transfer rate 10mbp ہے۔

3- Star Topology

اس topology میں تمام کمپیوٹرز ایک Central Device کیساتھ کنیکٹ ہوتے ہیں جسے Hub یا Switch کیساتھ کنیکٹ کروانے کیلئے جس میڈیا کا استعمال کیا جاتا ہے اسے UTP کہتے ہیں۔ اس کیبل کے دونوں سروں پر RJ-45 کنیکٹرز لگائے

جاتے ہیں۔اس میں سے اگر کوئی ایک کمپیوٹر خراب بھی ہو جائے تو نیٹ ورکنگ پر کوئی اثر نہیں پڑتا لیکن اگر Central device یعنی Hub خراب ہو جائے تو تمام نیٹ ورک کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔

یہ topology سب سے ذیادہ نیٹ ورکنگ میں استعمال ہوتی ہے اسکا DTR, 10 mbp and 100 mbp ہے۔

3-Mesh Topology

یہ ٹپولوجی نیٹ ورک کے حساب سے بہت پیچیدہ ٹپولوجی ہے۔اس میں ہر PC دوسرے PC کیساتھ directly connect ہوتا ہے۔اسکی وجہ سے نیٹ ورک پر تاروں کا جال بچھ جاتا ہے۔اسکا استعمال بہت کم کیا جاتا ہے بلکہ نہ ہونے کے برابر ہے۔اس میں جو میڈیا استعمال ہوتا ہے وہ STP/UTP ہے۔اس پر RJ (regestered jack)-45 Connector لگائے جاتے ہیں۔

اس ڈائیگرام میں تمام PCs کو ایک دوسرے کیساتھ کنیکٹ دِکھایا گیا ہے۔

امید ہے آپکو آجکی پہلی کلاس پسند آئی ہوگی۔۔۔ انشاءاللہ تعالیٰ اگلی کلاس کیساتھ پھر حاضر ہوں گی۔اجازت دیجئے اللہ حافظ۔۔زارا

بسمِ اللہ الرحمٰن الرحِیم

اسلام وعلیکم! اللہ کے فضل سے میں آج نیٹ ورکنگ کی دوسری کلاس کیساتھ حاضر ہوں۔ آج میں آپکو نیٹ ورکنگ کی basics بتاؤں گی جو کہ بہت عام ہے اور کچھ کا آپکو شاید پتہ بھی ہو لیکن پھر بھی تھوڑا سا بتا رہی ہوں تا کہ جو فرسٹ ٹائم پڑھ رہے ہیں انکا concept clear ہو اور آگے جا کر سمجھنے میں دشواری نہ آئے۔

Protocols

آسان الفاظ میں اسکو بیان کیا جائے تو یہ کہنا بجا ہوگا کہ یہ ایک ایسی language ہے جسکی مدد سے نیٹ ورک پر لگے کمپیوٹرز کو آپس میں communicate کروایا جاتا ہے۔ Common Protocols مندرجہ ذیل ہیں۔

1. IP Protocol (Internet Protocol)
2. TCP Protocole (Transmission Control Protocol)
3. Ethernet
4. FTP (File Transfer Protocol)

Server

یہ ایک Operating System ہے جس کمپیوٹر میں نیٹ ورک کے اوپر یہ انسٹال کیا جاتا ہے اسے Server کہتے ہیں۔ بنیادی طور پر اس کا اہم کام تمام PCs کو جو اس کے ساتھ attached ہیں، سروس مہیا کرنا ہے۔

Client

Server کے علاوہ نیٹ ورک پر لگے تمام کمپیوٹرز کلائینٹ کہلاتے ہیں۔ اسکا کام Server سے Service حاصل کرنا ہے۔ (اسکا ذکر اگلی کلاسوں میں آئے گا کہ یہ کسطرح سروس حاصل کرتا ہے اور سرور اسکو سروس مہیا کرتا ہے)۔

Domain

یہ ایک ایسا سوفٹ ویئر ہے جو Server پر انسٹال کیا جاتا ہے۔ یہ نیٹ ورک پر User بنانے اور ان پر restriction لگانے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ Network پر موجود تمام کمپیوٹرز اسکے ساتھ attach ہوتے ہیں اور اسکے انڈر کام کرتے ہیں یعنی اسکی طرف سے جو restriction لگائی جاتی ہیں وہ تمام Users پر لاگو ہوتی ہے۔ Domain کو انسٹال کرنے کیلئے تین (۳) باتوں کا ہونا لازمی ہے۔

۱۔ جس سسٹم میں ڈومین انسٹال کی جارہی ہے اسکا Server Operating System ہونا لازمی ہے۔

۲۔ اسکی پارٹیشن کا NTFS پر ہونا لازمی ہے۔

۳۔ ڈومین انسٹال کرتے وقت سسٹم کا نیٹ ورک پر ہونا لازمی ہے ورنہ ڈومین انسٹال نہیں ہوگی۔

Workgroup

اس میں تمام PCs کو ایک ہی Workgroup Domain کیساتھ جوڑا جاتا ہے۔ ورک گروپ میں ہر کمپیوٹر اپنے individual اختیارات رکھتا ہے یعنی اگر انفرادی کمپیوٹر کسی کو چاہے right دے اور چاہے تو نہ دے۔ اس میں کسی بھی طرح نیٹ ورک کی security نہیں ہوتی اور ہر کمپیوٹر میں اپنے ذاتی یوزر سے لاگ ان ہونا ہوتا ہے۔

Network Device

نیٹ ورک ڈیوائسز ایک مشین یا عنصر ہوتے ہیں جو کمپیوٹر کے ساتھ attach ہوتے ہیں جیسے ڈسک ڈیوائز، پرنٹر، مائس اور DSL موڈیم وغیرہ۔

Types of Network Devices

نیٹ ورک کی مندرجہ ذیل مختلف اقسام ہیں۔

۱۔ Hub: اسے کسی بھی نیٹ ورک کا اہم ترین جز کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ Star Topology میں اسے بہت اہمیت حاصل ہے۔ اسکی چند ایک استعمال ہونیوالی مثالیں یہ ہیں۔

۱۔ Active Hub: یہ سب سے ذیادہ استعمال ہونیوالا ہب ہے۔ اسکیلئے RJ-45 کنیکٹر چاہئے ہوتا ہے جو کیبل اور ہَب کو جوڑتا ہے۔ اس میں بارہ سے آٹھ پورٹس ہوتی ہیں اسی وجہ سے اسے ملٹی پورٹ ریپئیر بھی کہا جاتا ہے۔ اسے Repeaters کی طرح Re-generate & Re-Transmit کیا جا سکتا ہے۔ اسے چلانے کیلئے الیکٹرک پاور کی ضرورت ہوتی ہے۔

2۔ Passive Hub: یہ ہب کی دوسری قسم ہے جو صرف کنیکشن پوائنٹ کا کام کرتی ہے اسے Re-generate & Re-Transmit نہیں کیا جا سکتا۔ آسان الفاظ میں ایکٹو ہب کا بلکل متضاد ہے۔

3۔ Hybrid Hub: اس میں مختلف قسم کی کیبل ایک ساتھ لگائی جا سکتی ہیں اور ذیادہ ہب استعمال کر کے اس کو extend کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایکٹو اور پیسو ہب کا مجموعہ بنانے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

Switch.2: یہ ایک ایسی ڈیوائز ہے جو کیبل کے ذریعے ورک اسٹیشنز، سرور اور peripherels کو سینٹرل کنیکشن پوائنٹ مہیا کرتی ہے اور یہ بڑے نیٹ ورک کو subdivide کرتا ہے۔ عموماً سٹار اور رنگ ٹوپولوجی میں استعمال ہوتی ہے۔

Router-3: یہ بھی ایک الیکٹرونک ڈیوائز ہے۔ یہ دو یا دو سے زیادہ ایک جیسے یا مختلف نیٹ ورک کو کنیکٹ کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ ہر اس کمپیوٹر کی جو نیٹ ورک پر ہے addressing information اسٹور کرتا ہے۔

Gateway-4: یہ بھی ایک ڈیوائز یا سسٹم ہے (collection of hardware & software resources)۔ یہ دو مختلف طرح کی نیٹ ورک کو کنیکٹ کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ ڈیٹا کو ایک فارمیٹ سے دوسرے فارمیٹ میں ٹرانسلیٹ کرتا ہے۔

Network Interface Card-5: نیٹ ورکنگ کا سب سے اہم جز ہے۔ اسے LAN Card کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ Mother Board میں اضافی سلاٹ میں سے کسی بھی سلاٹ میں انسٹال کیا جا سکتا ہے۔ اسکے ذریعے ڈیٹا فلو کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے اور وصول کیا جا سکتا ہے۔
تین کامن قسم کے انٹرفیس کنیکشن Ethernet card, Local Talk Connector & Token Ring Card ہے۔ Local Talk Connector & Token Ring Card کے مقابلے میں Ethernet card زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔

انشاءاللہ تعالٰی اگلی کلاس میں حاضر ہوں گی۔ امید ہے آج کی کلاس پسند آئی ہوگی اور کچھ نہ کچھ سمجھ بھی آ گیا ہوگا۔ انشاءاللہ تعالٰی۔۔۔
اگلی کلاس تک اجازت دیجئے۔ اللہ حافظ

زارا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام علیکم! آج کی کلاس میں، میں آپکو بتاؤں گی کہ دو یا دو سے ذیادہ کمپیوٹرز کو آپس میں کنیکٹ کس طرح کیا جاتا ہے یعنی ایسا کون سا ایڈریس دیا جاتا ہے جس سے وہ آپس میں کمیونیکیٹ کرتے ہیں ایک دوسرے کا ڈیٹا اور resources شیئر کرتے ہیں۔

IP Address

نیٹ ورک پر لگے تمام کمپیوٹرز کو آپس میں کمیونیکیٹ کروانے کیلئے جو ایڈریس دیا جاتا ہے اسے IP Adress کہتے ہیں۔ اسکے بغیر نیٹ ورک پر لگا کوئی سسٹم آپس میں کمیونیکیٹ نہیں کر سکتا۔ اس کی تین رینج بہت ذیادہ استعمال ہوتی ہیں انہیں کلاس بھی کہا جاتا ہے۔

1-Class A   2-Class B   3- Class C

Class A: یہ کلاس بہت بڑے نیٹ ورک میں استعمال ہوتی ہے۔ اس کلاس کے ایک نیٹ ورک میں لاکھوں کی تعداد میں یوزرز اٹیچ ہوتے ہیں۔ اسکی رینج 1.0.0.1 To 126.0.0.255 ہے اور اسکا Subnet mask 255.0.0.0 ہے۔

Class B: اس کے نیٹ ورک میں یوزرز کی تعداد کلاس۔ اے کی نسبت کم ہوتی ہے۔ اسکی رینج 128.0.0.1 To 191.0.0.255 اور سب نیٹ ماسک 255.255.0.0 ہے۔

Class C: یہ کلاس سب سے ذیادہ نیٹ ورک میں استعمال کی جاتی ہے جبکہ اس میں یوزرز کی تعداد باقی دونوں کلاسز کی نسبت کم ہے۔ یعنی اس کلاس کے ایک نیٹ ورک میں 255 users کام کر سکتے ہیں۔ اس کلاس کی رینج 192.0.0.1 To 223.0.0.255 اور سب نیٹ ماسک 255.255.255.0 ہے۔

آپکا کنسیپٹ کلیئر کرنے کیلئے میں آپکو مختصراً اسکا فارمیٹ سمجھا دیتی ہوں آگے جا کر آپکو آسانی رہے گی انشاءاللہ تعالیٰ۔ آئی پی ایڈریس آٹھ بٹ کا ایک گروپ ہے کوکوما وغیرہ کے بغیر ہوتا ہے each bit in octet has binary weight جسکی ایک آکٹیٹ کیلئے کم سے کم ویلیو صفر اور ذیادہ سے ذیادہ 255 ہے۔ سمجھنے اور آسانی کیلئے ڈائیگرام دیکھیں پلیز۔۔۔

Subnet Masks

سب نیٹ ماسک آئی پی ایڈریس کی ہی ٹیکنیک ہے جبکہ اسکا فارمیٹ بھی ایک جیسا ہے۔ بنیادی طور پر یہ چیک کرتا ہے کہ دوسرے سسٹم سے آنیوالی request کا تعلق اس نیٹ ورک سے ہے یا نہیں۔ اگر اسکا ریکویسٹ کرنیوالے نیٹ ورک سے لنک ہو تو فوراً قبول کر لیتا ہے ورنہ ریجیکٹ کر کے Gateway کی طرف بھیج دیتا ہے۔ مثال کے طور پر Class C کا آئی پی 192.168.1.1 ہے اگر آپ ان میں کسی بھی ڈجٹ کی ہیر پھیر کرتے ہیں تو یا تو وہ کلاس بدل جائے گی (اگر ممکن ہوئی تو) یا وہ درخواست رَد کر کے گیٹ وے کو بھیج دے گا۔ اب آپکو آئی پی ایڈریس اور سَب نیٹ ماسک کا تعلق پتہ چل گیا ہوگا کہ یہ کس قدر technically ایک دوسرے کیلئے لازمی ہیں۔ ہر کلاس کا اپنا سب نیٹ ماسک ہے۔ آپکی آسانی کیلئے میں ایک ٹیبل دِکھاتی ہوں۔۔۔ ذرا دیکھئے اس ٹیبل میں ہر کلاس کا اپنا سَب نیٹ دیا ہوا ہے اگر ہم خالی آئی پی ایڈریس دیتے ہیں تو یہ آٹومیٹیکلی اپنا سب نیٹ set کر لے گا۔۔ (اگلی کلاسز میں آپ کو مزید اسکے بارے میں پتہ چلے گا)۔۔۔

Class A	Class B	Class C	
1.0 .0 .1	128.0.0.1	192. 0. 0.1	IP Addresses
255.0.0.0	255.255.0.0	255.255.255.0	Subnet Masks

Gateway

اسکی تعریف کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ دو مختلف نیٹ ورک یا کلاسز کو ملانے کیلئے گیٹ وے استعمال ہوتا ہے۔

کیا آپ نیٹ ورکنگ کی basics سمجھ چکے ہیں؟ کیا آپکو تینوں کلاسز اچھی طرح سمجھ آ گئی ہیں؟ انشاءاللہ تعالٰی نیکسٹ کلاسز میں آپ بہت سیکھیں گے کیونکہ اگلی تمام کلاسز میں میں آپکو بتاؤں گی کہ!!!

۱۔ ڈومین کس طرح انسٹال کی جاتی ہے۔

۲۔ نیٹ ورک میں لگے سسٹمز کو Server کیساتھ جوائن کیسے کروانا ہے کیسے اسکو آئی پی ایڈریس دینا ہے Users کس طرح بنانے ہیں اور ڈیٹا نیٹ ورکنگ کے ذریعے شئیر کیسے کرنا ہے۔

۳۔ کس طرح Server سے Client (User) پر پابندی لگانی ہے یا پالیسیز بنانی ہیں۔

۴۔ انٹرنیٹ شیئرنگ کیسے کرنی ہے۔ اور سب کچھ۔

اگر پچھلی تین کلاسز میں کوئی confusion ہے یا کہیں سے سمجھ نہیں آئی تو آپ پوچھ سکتے ہیں۔ تاکہ آگے آپکو مسئلہ نہ ہو۔ شکریہ

اپنی دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔۔۔ (زارا)

اسلام علیکم! آج کی کلاس میں اور آنیوالی ہر ہم نے سب کچھ suppose کرنا ہے کیونکہ اب سارا کام پریکٹیکل پر مبنی ہے اور آپکو بہت دھیان دینا ہوگا جہاں سے سمجھ نہ آئے بغیر ہچکچاہٹ پوچھ لیں۔

آج کی کلاس میں میں بتاؤں گی کہ Server ڈومین کیسے انسٹال کی جاتی ہے (ایک اور بات جب آپ سرور کی انسٹالیشن کر رہے ہوتے ہیں تو ایک آپشن میں آپ سے پوچھا جاتا ہے کہ کیا آپ ڈومین انسٹال کرنا ہے تو آپ اس وقت بھی کر سکتے ہیں مگر اس میں ٹائم لگے گا)۔۔ڈومین انسٹال کرنے کیلئے آپ Start--> Run-->(type) dcpromo then press Enter

آپکے سامنے ایک باکس آپن ہوگا آپ نے Domain Controller for a new Domain آپشن سیلیکٹ کرنا ہے جیسا کہ اس ڈئیگرام میں ہے۔

پھر Click Next

Domain in a new forest آپشن پر کلک کرنا ہے۔

ڈائیگرام دیکھئے ذرا

اور پھر

Click "Next"

Active Directory Installation Wizard
New Domain Name
Specify a name for the new domain.
Type the full DNS name for the new domain
(for example: headquarters.example.microsoft.com).
Full DNS name for new domain:
Zara.Local
< Back
Next >
Cancel
یہاں آپ نے ڈومین کو نیم دینا ہے جو آپ دینا چاہیں
(ایک اور بات بتاتی چلوں کہ اگر ڈومین کا نام دیتے وقت یہ ایکسپٹ نہ کرے تو آپ اسے com. کے ساتھ نام دیں جیسے itd.com وغیرہ مگر زیادہ تر ایسا نہیں ہوتا۔)
Active Directory Installation Wizard
NetBIOS Domain Name
Specify a NetBIOS name for the new domain.
This is the name that users of earlier versions of Windows will use to identify the new domain. Click Next to accept the name shown, or type a new name.
Domain NetBIOS name:
ZARAENTERPRICE
< Back
Next >
Cancel
یہاں آپ نے NetBIOS name کو Accept کرنا ہے۔
اب جو ڈائیلاگ باکس اوپن ہوگا آپ نے 2nd Option پر کلک کرنا ہے to have Active Directory Permission. ٹھیک ہے۔۔
پھر کلک نیکسٹ
Active Directory Installation Wizard
DNS Registration Diagnostics
Verify DNS support, or install DNS on this computer.
Diagnostic Results
The registration diagnostic has been run 1 time.
None of the DNS servers used by this computer responded within the timeout interval.
For more information, including steps to correct this problem, see Help.
Details
The SOA query for _ldap._tcp.dc._msdcs.test.ait.psu.edu to find the primary DNS
I have corrected the problem. Perform the DNS diagnostic test again.
Install and configure the DNS server on this computer, and set this computer to use this DNS server as its preferred DNS server.
I will correct the problem later by configuring DNS manually. (Advanced)
< Back
Next >
Cancel
آسانی کیلئے آپ یہ ڈائیگرام دیکھ لیں۔۔ نیکسٹ کریں۔
Select Second Option and then Click "Next"

Active Directory Installation Wizard
Permissions
Select default permissions for user and group objects.
Some server programs, such as Windows NT Remote Access Service, read information stored on domain controllers.
Permissions compatible with pre-Windows 2000 server operating systems
Select this option if you run server programs on pre-Windows 2000 server operating systems or on Windows 2000 or Windows Server 2003 operating systems that are members of pre-Windows 2000 domains.
Anonymous users can read information on this domain.
Permissions compatible only with Windows 2000 or Windows Server 2003 operating systems
Select this option if you run server programs only on Windows 2000 or Windows Server 2003 operating systems that are members of Active Directory domains. Only authenticated users can read information on this domain.
< Back
Next >
Cancel
Select the Option and Click "Next"
Active Directory Installation Wizard
Directory Services Restore Mode Administrator Password
This password is used when you start the computer in Directory Services Restore Mode.
Type and confirm the password you want to assign to the Administrator account used when this server is started in Directory Services Restore Mode.
The restore mode Administrator account is different from the domain Administrator account. The passwords for the accounts might be different, so be sure to remember both.
Restore Mode Password:
Confirm password:
For more information about Directory Services Restore Mode, see Active Directory Help.
< Back
Next >
Cancel
اب آپ سے پاس ورڈ مانگے گا آپ پاسورڈ
لگائیں اور نیکسٹ کر دیں۔
Active Directory Installation Wizard
Summary
Review and confirm the options you selected.
You chose to:
Configure this server as the first domain controller in a new forest of domain trees.
The new domain name is myenterprice.local. This is also the name of the new forest.
The NetBIOS name of the domain is ZARAENTERPRICE
Database folder: C:\WINDOWS\NTDS
Log file folder: C:\WINDOWS\NTDS
SYSVOL folder: C:\WINDOWS\SYSVOL
The DNS service will be installed and configured on this computer. This computer will be configured to use this DNS server as its preferred DNS server.
To change an option, click Back. To begin the operation, click Next.
< Back
Next >
Cancel
here it shows Summary
that if you want to
change something then
"Click Back" نہیں تو نیکسٹ کر دیں۔

پھر انسٹالیشن سٹارٹ ہو جائے گی۔ کبھی کبھی انسٹالیشن کے دوران ایک آپشن آتی ہے مگر ہر بار نہیں۔ آپکی آسانی کیلئے ڈائیگرام دِکھاتی ہوں۔ اگر یہ آپشن آئے تو جسٹ OK کر دیں۔

کلک Finish

لیں جی آپ نے کامیابی کیساتھ ڈومین انسٹال کر لی ہے۔

جب آپ سسٹم ری سٹارٹ کریں گے تو وہاں آپکو آپکے ڈومین کی آپشن بھی نظر آئے گی۔ سہولت کے پیشِ نظر ڈائیگرام دیکھیں۔

Main Points

۱۔ ہم ڈومین during server installation بھی انسٹال کر سکتے ہیں اور بعد میں بھی جیسے ابھی میں نے طریقہ بتایا جو کہ زیادہ مناسب ہے۔ دوسرا جیسا کہ پہلے بھی ایک کلاس میں بتا چکی ہوں کہ اسکی پارٹیشن کا NTFS پر ہونا لازمی ہے کیونکہ FAT or FAT3 پر یہ انسٹال نہیں ہوگی۔

۲۔ آپکو میں نے بتایا کہ اگر ڈومین نیم دیتے وقت یہ ایکسیپٹ نہ کرے تو آپ ڈومین نیم کیساتھ .com لگا دیں جیسے itd.com, organization.com وغیرہ مگر ایسا زیادہ سرور ۲۰۰۰ میں ہوتا ہے۔

۳۔ جس سرور سسٹم پر ڈومین انسٹال کر رہے ہیں اسکا نیٹ ورک پر ہونا لازمی ہے ورنہ ڈومین انسٹال نہیں ہوگی۔

کیا آپکو ٹھیک سے پتہ چل گیا ہے کہ how to install Domain

اب آپ اسے آئی پی ایڈریس دیں۔ Local Area Connection کی Property پر جائیں۔ آپکے سامنے یہ والا باکس آپن ہوگا یہاں آپ نے TCP/IP کی Property پر جانا ہے اور آئی پی ایڈریس دینا ہے۔ (آپ کوئی سی بھی کلاس منتخب کر سکتے ہیں)۔ اس ڈائیگرام میں میں نے کلاس سی کا انتخاب کیا ہے۔ (کیونکہ کالج میں کلاس سی ہے لہذا snap shot بھی سی کے ہی آئیں گے۔ (مسکراتے ہوئے)

کلک OK لیں جی آئی پی ایڈریس بھی دے دیا ہم نے۔

Local Area Connection Properties

General | Authentication | Advanced

Connect using:

VMware Accelerated AMD PCNet Adapter

Configure...

This connection uses the following items:

- ☑ Client for Microsoft Networks
- ☐ Network Load Balancing
- ☑ File and Printer Sharing for Microsoft Networks
- ☑ Internet Protocol (TCP/IP)

Install... | Uninstall | Properties

Description

Transmission Control Protocol/Internet Protocol. The default wide area network protocol that provides communication across diverse interconnected networks.

☐ Show icon in notification area when connected

OK | Cancel

Internet Protocol (TCP/IP) Properties

General

You can get IP settings assigned automatically if your network supports this capability. Otherwise, you need to ask your network administrator for the appropriate IP settings.

- Obtain an IP address automatically
- Use the following IP address:

IP address: 192 . 168 . 0 . 7

Subnet mask: 255 . 255 . 255 . 0

Default gateway: 192 . 168 . 0 . 254

- Obtain DNS server address automatically
- Use the following DNS server addresses:

Preferred DNS server: 192 . 168 . 0 . 254

Alternate DNS server: . . .

Advanced...

OK | Cancel

آپکی Server کی سیٹنگ مکمل ہو چکی ہے مگر Server کی سیٹنگ ہوئی ہے مگر ابھی سارا کام اسی پر اسی کے ذریعے ہونا ہے۔ اب آپ نے باقی سسٹم کو اسکے ساتھ جوائن کرنا ہے اور وہ کیسے کرنا ہے انشاءاللہ تعالیٰ اگلی کلاس میں بتاؤں گی آج کیلئے اتنا ہی کافی ہے۔ آجکی کلاس میں کوئی مشکل کوئی مسئلہ ہو تو بلا جھجک پوچھ لیں۔ دعاؤں میں یاد رکھنا۔ اللہ حافظ زارا

بسمِ اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام علیکم! لاسٹ کلاس میں آپ نے سیکھا کہ ڈومین کیسے انسٹال ہوتی ہے اور آئی پی ایڈریس کیسے دیا جاتا ہے۔آج آپکو بتاؤں گی کہ Server پر یوزرز کیسے بنائے جاتے ہیں یہ وہ Users ہوتے ہیں جو نیٹ ورک میں لگے کسی بھی سسٹم سے لاگن ہو سکتے ہیں۔اللہ کا نام لے کر شروع کرتے ہیں۔

سب کام سٹارٹ کرنے سے پہلے آپ ایک کام کریں جو زیادہ اہم ہے۔سب سے پہلے آپ C کے علاوہ کسی بھی ڈرائیو میں ایک Folder بنائیں اسے کوئی سا بھی نام دے دیں اور پھر اسے Share کروائیں۔شیئرنگ کیلئے آپ اس فولڈر کی پراپرٹی میں جائیں اور شیئرنگ پر کلک کر دیں تو یہ شیئر ہو جائے گا اور ایسا icon بنا ہوگا ۔۔۔ اسکی ضرورت کیوں ہے اسکا آپکو پتہ چل جائے گا۔اب ہم main کام کی طرف آتے ہیں۔

جیسا کہ آپکو بتایا کہ آپ نے ڈومین میں User بنانا ہے جس سے آپ نیٹ ورک میں لگے کسی بھی سسٹم سے لگ ان ہو سکتے ہیں۔

Start--> Administrator Tools--> Active Directory & Computers

آسانی کیلئے ڈائیگرام دیکھیں۔

ایک باکس آپن ہوگا آپ نے وہاں "Organizational Unit" پر کلک کرنا ہے اور کوئی نام رکھ دیں اس یونٹ کا۔پھر اس Unit میں رایٹ کلک کر کے آپ نے "User" بنانا ہے۔آپ کسی بھی نام کا یوزر بنالیں پھر اسکی Profile سیٹ کریں۔

یادرکھیں پہلے آپ نے "یونٹ" بنانی ہے اوراسکےاندر آپ نے "یوزر" بنانا ہے۔ آپ initial & last name والے باکس کوخالی بھی چھوڑ سکتے ہیں۔ جسٹ fIRST name لکھ دیں کافی ہے۔ کلک

New Object - User
Create in: FCOE_LHR.EDU/fcoi
First name: ZARA Initials:
Last name: ZAKIA
Full name: ZARA
User logon name: ZARA @FCOE_LHR.EDU
User logon name (pre-Windows 2000): FCOE_LHR\ ZARA
< Back Next > Cancel

نیکسٹ تو آپ سے password سیٹ کرنے کی آپشن آئے گی اگر آپ پاسورڈ رکھنا چاہتے ہیں تو ٹائپ کردیں جو آٹھ ڈیجیٹ سے کم نہیں ہونا چاہیے۔ (ہم اسے بلینک بھی رکھ سکتے ہیں چونکہ نیٹ ورکنگ میں ہم ذرائع اور ڈیٹا وغیرہ شیئر کرتے ہیں لہذا security کومد نظر رکھتے ہوئے آپ پاسورڈ لازمی لگائیں)۔ اس کے نیچے چار آپشن ہوں گی آپ کو جو آپشن suitable لگے آپ وہاں کلک کردیں اور نیکسٹ کریں۔ میں تھوڑا سا آپکو ان آپشن کے بارے میں بتا دوں۔

User must change password at first log in یعنی جب ہم یا کوئی بھی کسی بھی سسٹم سے لاگ ان ہوں گے تو ہمیں کہا جائے گا پہلے آپ اپنا پاسورڈ تبدیل کرلیں تو جو اس سسٹم میں بیٹھا ہے اپنی مرضی سے پاسورڈ رکھ لے گا۔

User cannot change password یہاں کوئی بھی یوزر پاسورڈ تبدیل نہیں کرسکتا۔

Password never expire جیسا کہ آپشن سے پتہ چل رہا ہے کہ پاسورڈ کبھی بھی ایکسپائر نہ ہو۔

Account is disabled آپ نے یوزر بنایا ہے مگر ابھی اسے لاگ ان نہیں کروانا چاہتے یا کسی بھی یوزر کا اکاؤنٹ بند کرنا ہو کہ وہ کسی بھی سسٹم سے لاگ ان نہ ہو تو یہ آپشن لیں گے۔ زیادہ تر پہلی اور تیسری آپشن سیلیکٹ کی جاتی ہے۔ مزید کیلئے ڈائیگرام دیکھیں!!

جیسا کہ آپ یہاں چاروں آپشن دیکھ سکتے ہیں۔
"Click "Next۔ آپکا اکاؤنٹ بن گیا اب آپ اسکی پروفائل سیٹ کریں گے۔اسکیلئے آپ User کی Property میں جائیں وہاں Profile آپشن پر کلک کریں۔

New Object - User
Create in: FCOE_LHR.EDU/lcoi
Password:
Confirm password:
User must change password at next logon
User cannot change password
Password never expires
Account is disabled
< Back | Next > | Cancel

FCOE_LHR 12 objects

Name	Type
ACCTTSEC	User
Administrator	User
Comp-Lab	User
FCOE_EDU	Security Group - Global
iclibrary	User
ITC	User
ZARA	

Copy...
Add to a group...
Disable Account
Reset Password...
Move...
Open Home Page
Send Mail
All Tasks
Cut
Delete
Rename
Properties

PA2 Properties
Member Of | Dial-in | Environment | Sessions
Remote control | Terminal Services Profile | COM+
General | Address | Account | Profile | Telephones | Organization
PA2
First name: ZARA Initials:
Last name:
Display name: ZARA
Description:
Office:
Telephone number: Other...
E-mail:
Web page: Other...
OK | Cancel | Apply

جب آپ پروفائل پر کلک کریں گے تو ایک باکس آپن ہوگا وہاں آپ نے مندرجہ ذیل description پر کرنی ہے۔

"\\computer name\folder name\user name"

(۱) کمپیوٹر نیم پر آپ نے اپنے کمپیوٹر کا نام دینا ہے۔اسکے لئے آپ My Computer کی پراپرٹی پر جائیں اور وہاں سے اسکا نام کوپی کرلیں۔ (۲) Folder name جی اب یہ وہ فولڈر ہے جو میں نے شارٹ میں بنوایا تھا اور شئیر کروایا تھا۔
(۳) User name میں آپ نے وہ یوزر رکھنا ہے جو آپ نے بنایا ہے اور جسکی پراپرٹی میں آپ گئے ہیں پروفائل سیٹ کرنے ۔

Point to be Noted or Rememberd

Profile سیٹ کرنے کیلئے چار باتوں کا دھیان رکھنا ضروری ہے یا ان چاروں باتوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

۱۔ آپکو کمپیوٹر نام پتہ ہونا چاہئے (جو ہم my computer کی property سے لے سکتے ہیں)
۲۔ Domain Name (یعنی جس نام کی ڈومین بنائی ہے)

۳۔ IP Address (جو کہ ہم سب سے پہلے یعنی پچھلی کلاس میں دے چکے ہیں)۔

۴۔ User name & Password اگر پاسورڈ ہے تو ٹھیک ورنہ کوئی بات نہیں یعنی اگر پاسورڈ نہیں لگایا تو رہنے دیں۔

"آپ پروفائل پاتھ "میں چاروں چیزیں لکھیں گے اور اسے کاپی کر کے Local path پر پیسٹ کر دیں۔ جیسا کہ اس ڈائیگرام میں ہے۔ اگر یہ لوکل پاتھ پر کوئی error دیتا ہے تو آپ Connect والے آپشن پر پیسٹ کر دیں۔ اگر پھر کوئی error آئے تو غور سے دیکھئے گا کیونکہ وہ error ان چاروں چیزوں میں سے کسی ایک کی غلطی کی صورت میں آئے گا ویسے نہیں۔ لہذا آپ نے کم از کم کمپیوٹر کا نام اسکی پراپرٹی سے جا کر کاپی کرنا ہے کیونکہ زیادہ تر غلطی یہیں ہوتی ہے۔

لیں جی Account or User بن چکا ہے۔ اگر آپ اس پر کوئی پابندی لگانا چاہتے ہیں جیسے لاگن آور کہ صبح آٹھ سے دو بجے تک یا کسی بھی ٹائم تک بیٹھے تو آپ restriction لگا سکتے ہیں مگر عام طور پر مکمل ٹائم دیا جاتا ہے اسکے لئے آپ نے User کی پراپرٹی میں جانا ہے اور وہاں Account آپشن پر کلک کریں ڈائیگرام دیکھیں ذرا۔۔۔

اسکے ساتھ آپکو Log On To کی آپشن نظر آرہی ہوگی اگر آپکے کمپیوٹر پر کوئی اور کام کر رہا ہو تو آپ کسی بھی سسٹم میں بیٹھ کر اپنے یوزر سے لاگن ہو سکتے ہیں۔ اس آپشن میں آپ وہ سسٹم انٹر کریں جس جس پر بیٹھ کر آپ اپنا اکاؤنٹ کھول سکیں (مگر اسکو خالی رکھا جاتا ہے یعنی کہیں بھی بیٹھ جائیں اور کام کر لیں کوئی پابندی نہیں ہے)۔

سب سے لاسٹ میں Account expires کی آپشن آپکو نظر آ رہی ہے جس میں مزید دو آپشن ہیں۔ Never کی آپشن کہ آپکا اکاؤنٹ کبھی ختم نہ ہو جبکہ End of میں آپ کوئی بھی مقررہ مدت لکھ دیتے ہیں کہ اس ماہ سے اس ماہ تک یہ اکاؤنٹ able ہے اور جیسے جیسے مدت ختم ہوتی جائے گی اس یوزر کو warning ملنا شروع ہو جائے گی کہ وہ اپنا ڈیٹا وہاں سے اٹھا لے کیونکہ پھر اسکا اکاؤنٹ disable ہو جائے گا اور اسکا سارا ڈیٹا lose ہو جائے گا۔ اس ڈائیگرام میں جو باکس آپکو نظر آ رہا ہے اسکے لئے آپ

Login Hours کی آپشن پر کلک کریں گے۔ یہاں نیلا رنگ یہ ظاہر کر رہا ہے کہ اس یوزر کو اجازت ہے کہ وہ کبھی بھی، کسی بھی وقت لاگن ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ میں ابھی ابھی بتا چکی ہوں کہ ذیادہ تر یہی آپشن سیلیکٹ کی جاتی ہے۔ ٹھیک ہے؟

!!A Review!!

۱۔ ڈومین میں رائٹ کلک کرنا ہے اور "آرگنایزیشنل یونٹ" بنانی ہے اسکے اندر ہم نے "یوزر" بنانا ہے۔ یوزر کو کوئی سا بھی نام دے دیں جس سے لاگن ان ہو سکیں۔

۲۔ اسکی پروفائل سیٹ کریں جسکیلئے چار چیزوں کی ضرورت ہوگی \\Computer name\Folder name\User name

اسکے بعد آپ Ok کر دیں۔

۳۔ پھر ہم نے دیکھا کہ Log in Restriction کس طرح لگائی ہیں۔

ان تمام کاموں کیلئے آپکے سسٹم کا نیٹ ورک پر ہونا لازمی ہے۔

آج آپکی Server کی سیٹنگ مکمل ہو چکی ہے اسی طریقے سے آپ جتنے چاہیں User بنا سکتے ہیں۔ اب آپ کی کلائنٹ کی setting رہ گئی ہے یعنی اسکو آئی پی ایڈریس اور Domain name دے کر Server کیساتھ جوائن کروانا ہے جو کہ انشاءاللہ تعالٰی نیکسٹ کلاس میں بتاؤں گی کیونکہ آج کی کلاس شاید آپکو مشکل لگے مگر میں نے پوری کوشش کی ہے کہ آپکو اچھی طرح سمجھا سکوں اگر پھر بھی کسی کو کہیں سے دشواری آئی ہو، کوئی پوائنٹ کلیئر نہ ہو یا کوئی confusion ہو تو بلا جھجک پوچھ لیں۔ شکریہ

دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔ اللہ حافظ

(زارا)

اسلام علیکم! کل کی کلاس میں ہم نے Server پر یوزر بنائے، انکی پروفائل سیٹ کی اور ان پر رسٹریکشن کیسے لگائی ہے یا انکا لاگن ٹائم کیا رکھنا ہے وغیرہ۔ آج ہم نے کلائنٹ بنانے ہیں۔ تو آیئے اللہ کا نام لیکر آجکی کلاس شروع کرتے ہیں۔

Suppose ہمارے پاس تقریباً چالیس سسٹم ہیں انکو ہم نے کونیٹ ورک پر لے جا کر سرور کے ساتھ جوائن کروانا ہے۔

My Computer-->Propert-->Computer name--> (click) Change ڈائیگرام دیکھیں

Computer Name Changes

You can change the name and the membership of this computer. Changes may affect access to network resources.

Computer name:
ZARA'S HOME 786

Full computer name:
ZARA'S HOME 786

More...

Member of
Domain:
FCOE_LHR.EDU
Workgroup:
MSHOME

OK Cancel

یہاں آپ نے ڈومین پر کلک کرنا ہے اور پھر Domain name دینا ہے یعنی جس نام کی ڈومین بنائی ہے وہ اور پھر Ok کر دیں۔ آپکے سامنے ایک باکس آپن ہوگا جس میں آپ سے یوزر نیم اور پاسورڈ مانگا جائے گا۔

یاد رہے یہاں آپ نے وہ User لکھنا ہے جو آپ نے سرور میں بنایا تھا اور پاسورڈ لگائیں اگر آپ نے پاسورڈ دیا تھا ورنہ leave it blank اور Ok کر دیں۔

آسانی کیلئے آپ ڈائیگرام دیکھیں۔۔

ہم نے زارا نام کا یوزر بنایا تھا تو وہ ہی ہم یہاں لکھیں گے اور پاسورڈ دیں گے (اگر ہے تو) پھر Ok کر دیں۔۔

یہ چند سیکینڈ لے گا اور پھر آپکو ویلکم میسج مل جائے گا اگر آپ نے تمام procedure بالکل ٹھیک سے کیا ہے (اگر کوئی error آئے تو سیٹنگ پھر سے دیکھیں خاص کر ڈومین نیم)۔۔۔

اب آپکو کہا جائے گا کہ آپ اپنا سسٹم ریبوٹ کریں تو آپ اپنا سسٹم ری سٹارٹ کریں گے لہذا آپ سسٹم ری سٹارٹ کرنے کیلئے Ok کریں۔

آپکا یہ کام بھی ختم ہوا اب آپ نے آئی پی ایڈریس اور ڈی این ایس ایڈریس دینا ہے۔۔

Start-->Control Panel-->Network Connection-->Local area Conection-->Property

ایک باکس آپن ہوگا آپ نے Internet Protocol (TCP/IP) کی پراپرٹی میں جانا ہے اور وہاں آئی پی ایڈریس دینا ہے جو آپ نے سرور کو دیا تھا (کلاس 4) میں دیکھیں وہاں یہ ہی ایڈریس دیا ہے ہم نے اگر آپکو یاد ہو۔ مزید سہولت کیلئے آپ کلاس ۴ دیکھ لیں۔

آپ نے آئی پی ایڈریس اور ڈی این ایس ایڈیس دینا ہے اور Ok کر دیں۔ ڈائیگرام دیکھیں ذرا!

جیسا کہ آپکو پہلے بھی بتا چکی ہوں کہ آپ کسی بھی کلاس کا آئی پی ایڈریس دیں سب نیٹ ماسک وہ خود سیٹ کرلے گا یعنی آپکو سب نیٹ ماسک لکھنے کی ضرورے نہیں پڑتی۔ آپ کے ہر سسٹم کا آئی پی ایڈریس مختلف ہونا چاہیے۔مثال کے طور پر آپ نے اسکو 192.168.0.125 دیا ہے اگر آپ غلطی سے بھی کسی اور سسٹم کو یہی ایڈریس دے دیتے ہیں تو آپکو IP Conflict کا error آجائے گا۔۔ یہاں آپ ایک اور آپشن دیکھ رہے ہیں Alternate DNS server اگر آپ ایک سے زیادہ ڈومین جوائن کی ہے تو آپ یہاں اسکا ڈی این ایس دیں گے۔اسطرح آپ جب چاہیں کسی بھی سرور یا ڈومین کیساتھ لاگ ان ہو سکتے ہیں۔صرف آپ نے ڈومین چینج کرنا ہے اور بس۔

ایک بات آپکو بتاتی چلوں کہ Default gateway انٹرنیٹ شیئرنگ کیلئے استعمال ہوتا ہے اسکا آپکو اگلی کلاسز میں بتاؤں گی۔

اب آپ ڈومین کے ممبر بن چکے ہیں اور نیٹ ورک میں بیٹھے کسی بھی سسٹم میں لاگ اِن ہو سکتے ہیں۔ڈیٹا شیئر کر سکتے ہیں اسکے علاوہ فائلز اور پرنٹر بھی شیئر کر سکتے ہیں۔

اگر آپ یہاں تک سمجھنے میں کامیاب ہوگئے ہیں تو بلاشبہ آپ کو اگلی کلاسز مشکل نہیں لگیں گی۔کیونکہ نیٹ ورکنگ یہاں ختم ہو جاتی ہے آگے کا کام بہت آسان ہے یعنی انٹرنیٹ شیئر کرنا تو وہ انشاءاللہ تعالیٰ میں آپکو مزید کلاسز میں بتادوں گی۔

کہیں سے کچھ سمجھ نہ آئی ہو کوئی پوائنٹ کلیئر نہ ہو تو آپ بلا جھجک پوچھ لیں۔

دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔اللہ حافظ۔۔　　　　(زارا)

بسمِ اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام علیکم! پچھلی کلاس میں ہم نے سیکھا کہ کسطرح کلائنٹ کو ڈومین کے ساتھ جوائن کرتے ہیں اسکو ڈومین ممبر بناتے ہیں اور کس طرح اسکو آئی پی ایڈریس دیتے ہیں۔آج میں آگے جانے سے پہلے تھوڑا سا بتاؤں گی کہ آپ آئی ایڈریس کو remove کیسے کریں گے اور کیسے دوبارہ اسکو آئی پی ایڈریس دے سکتے ہیں۔سب سے بڑی بات اسکو ping کیسے کروایا جاتا ہے ڈومین کیساتھ چیک کرنے کیلئے کہ either its working or not۔۔آئی پی ایڈریس remove کرنے کیلئے

Start--> Run--> type ipconfig /release: then press Enter

یا

Start-->Run-->cmd or command--> type ipconfig /release: then press Enter

آپکو میں اسکی صحیح ترتیب بتادوں ipconfig کے بعد ایک گیپ ہے پھر / اسکے بعد release اور پھر کالن یعنی : یہ ٹھیک ہے اب کوئی غلطی نہ کرے اس میں۔

آپ یہ ڈائیگرام دیکھیں!

کمانڈ پرامٹ میں جانے کیلئے یہ والی ڈائیگرام دیکھیں۔جس میں سٹارٹ میں گئے پھر Run اور ٹائپ کیا cmd یا command۔۔ پھر وہاں ہم آئی پی ختم کرنے کیلئے ٹائپ کریں گے جو آپکو بتایا ہے۔ آپکی سہولت کیلئے ڈائیگرام دِکھاتی ہوں۔

for giving IP Address

IP Address دینے کیلئے ایک ہی طریقہ ہے لیکن آپ نے ٹائپ کرنا ہے ipconfig /renew مگر اس میں آپ نے کالن (:) کا نشان نہیں ڈالنا۔ ٹھیک ہے۔ Ping کروانے کیلئے بھی سیم آپ نے کمانڈ پرامٹ میں جانا ہے اور وہاں آپ نے آئی پی ایڈریس دینا ہے۔ ping 192.168.0.1 -t آپکو بتادوں کہ ping کے بعد سپیس ہے پھر آئی پی ایڈریس پھر سپیس پھر ڈیش اور ٹی۔ سمجھ آئی؟ اگر یہ والا میسج آتا ہے تو اسکا مطلب ہے کہ آپ کا آئی پی ایڈریس میچ نہیں کر رہا سرور کے آئی پی سے یا آپکا کنکٹر لوز ہے جسکی وجہ سے یہ اس تک رسائی حاصل نہیں کر پا رہا۔ لہذا تمام صورتحال چیک کریں اور دوبارہ پنگ کروائیں۔

```
Command Prompt - ping 192.168.0.1 -t
Microsoft Windows XP [Version 5.1.2600]
(C) Copyright 1985-2001 Microsoft Corp.

C:\Documents and Settings\Administrator.JUGNU-F8736598D>192.168.0.1-t
'192.168.0.1-t' is not recognized as an internal or external command,
operable program or batch file.

C:\Documents and Settings\Administrator.JUGNU-F8736598D>ping 192.168.0.1 -t

Pinging 192.168.0.1 with 32 bytes of data:

Destination host unreachable.
Destination host unreachable.
Destination host unreachable.
Destination host unreachable.
Destination host unreachable.
Destination host unreachable.
_
```

Difference between IP address & Aumomatic IP address

اگر ڈومین نیم دے کر ہم سسٹم جوائن کر سکتے ہیں اور آئی پی آٹو رکھتے ہیں تو آئی پی ایڈریس کہ ضرورت ہے کیوں؟ اسلئے کہ آئی پی ایڈریس سے حاصل ہونیوالی سپیڈ آٹو میٹک آئی پی ایڈریس سے کافی بہتر ہے۔ آئی پی ایڈریس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اگر کسی سسٹم میں نیٹ ورک پرابلم یا کوئی اور مسئلہ ہوتا ہے تو آسانی سے recognise کیا جا سکتا ہے۔ اسلئے آئی پی ایڈریس دیا جاتا ہے۔ ورنہ سسٹم اور نیٹ تو آٹو میں بھی شیئر ہو جاتا ہے۔ آجکل انٹرنیٹ استعمال کرنے کیلئے Dial up کے ساتھ ساتھ DSL & Wireless بہت زیادہ استعمال ہو رہے ہیں۔ مگر ان سب کی شیئرنگ کا طریقہ کار ایک ہی ہے چاہے وہ ڈائل اَپ ہے یا وائرلیس یا پھر ڈی ایس ایل۔ بس سمجھنے کی بات ہے۔

تو آئے اللہ کا نام لیکر ہم انٹرنیٹ شیئرنگ شروع کرتے ہیں۔ سب سے پہلے آپ پراپرٹی میں جائیں (اگر آپ وائرلیس استعمال کر رہے ہیں تو اسکے کنیکشن کی پراپرٹی میں جائیں۔ ڈائل اَپ ہے تو اسکی یعنی جو آپ internet resource اس وقت یوز کر رہے ہیں اسکی پراپرٹی میں جائیں۔ پہلے آپ ڈائیگرام دیکھ لیں تا کہ کوئی confusion نہ ہو پھر میں آگے بڑھتی ہوں۔

جیسا کہ اس تصویر میں آ پکو تین چار موڈیم نظر آ رہے ہیں تو جس انٹرنیٹ ذرائع کو آپ شیئر کرنا چاہتے ہیں اسکی پراپرٹی میں جانا ہے۔ سمجھ گئے اب۔

ایک باکس آپن ہوگا جہاں آ پکو آئی پی ایڈریس وغیرہ شو ہوگا اگر آپ نے دیا ہے تو یعنی آٹو نہیں رکھا۔ آپ نے اس باکس میں ایڈوانس آپشن میں جانا ہے۔ آسانی کیلئے ڈائیگرام دیکھیں!

آ پکو سمجھانے کیلئے میں نے انکو Orange colour سے مارک کردیا ہے تا کہ ایک ایک پوائنٹ کلئیر کو سکوں۔

